© rasailojaraid.com



# دارالعلوم حقانیہ

مادرِ علمی دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کی عظمت شان اور رفعت مقام کو خراجِ عقیدت

حافظ محمد ابراہیم فانیؔ مدرس دارالعلوم حقانیہ

جلوۂ حق جانفزا دارالعلوم حقانیہ
امتیازی درسگاہ دارالعلوم حقانیہ

یہ جہانِ کیف و مستی کائناتِ علم و فن
مہبطِ نورِ خدا دارالعلوم حقانیہ

چار سو عالم میں شہرہ ہے تمہارے نام کا
شان تیری مرحبا دارالعلوم حقانیہ

تو کہ پاکستان میں ہے اِک مثالِ دیوبند
مرکزِ رشد و ہدیٰ دارالعلوم حقانیہ

آ رہے ہیں ہر طرف سے قافلہ در قافلہ
وارثانِ انبیاء دارالعلوم حقانیہ

دین کی خدمت میں تیرا مرتبہ سب سے بلند
حق شعار و حق نما دارالعلوم حقانیہ

روز و شب چلتا ہے یاں پر دورِ صہبائے حجاز
ساقیٔ رنگیں ادا دارالعلوم حقانیہ

ہر طرف پھیلی ہوئی ہے جسکی خوشبو کی مہک
نکہتِ بادِ صبا دارالعلوم حقانیہ

تیری ہر ہر اینٹ سے تیرا تقدس ہے عیاں
روح پرور دلربا دارالعلوم حقانیہ

تشنگاں کے واسطے ہے چشمۂ آبِ زلال
منبع زہد و تقیٰ دارالعلوم حقانیہ

فانیؔ بیچارہ یہ خورشیدِ تابانِ جہاں
نور افشاں ہو سدا دارالعلوم حقانیہ

© rasailojaraid.com